سوال

مؤذن کی متابعت اور پھر تحیۃ المسجد

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جب انسان مسجد میں داخل ہو اور مؤذن اذان کہہ رہا ہو تو کیا اذان ختم ہونے سے پہلے نماز پڑھی جاسکتی ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

افضل یہ ہے کہ مؤذن کی اذان کا جواب دے پھر مسنون دعاء پڑھے اور پھر تحیۃ المسجد شروع کرے مگر بعض علماء نے اس شخص کو اس سے مستثنیٰ قرار دیا ہے جو جمعہ کے دن مسجد میں اس وقت آئے جب مؤذن اذان کہہ رہا ہو تو وہ خطبہ سننے کی وجہ سے تحیۃ المسجد پڑھ سکتا ہے۔ اور اس کا سبب علماء نے یہ بتایا کہ خطبہ سننا واجب ہے۔ اور مؤذن کا جواب دینا واجب نہیں ہے۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج1ص435

محدث فتویٰ